انداز میں کی ہے۔ پھر اسلامی زندگی کے اصول، اسلامی معاشرہ کی خصوصیات، اسلامی تقریبات، عائلی زندگی، تہذیب و اخلاق اور جدید عالم اسلامی جیسے اہم موضوعات کے بارے میں مفید معلومات فراہم کی ہیں۔ دنیا کے مختلف ممالک میں مسلمانوں کی آبادی کے گوشوارے، چند تصاویر اور کتاب کے آخر میں اسلامی دنیا کا ایک رنگین نقشہ بھی موجود ہے جس سے اس کی افادیت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ کاغذ بہت عمدہ اور طباعت دیدہ زیب ہے قیمت درج نہیں۔ اسلام کے متعلق ابتدائی معلومات حاصل کرنے کے لیے یہ رسالہ بہت مفید ہے۔

تفسیر مواہب الرحمٰن جلد اوّل

مؤلف : علامہ سید امیر علیؒ — مترجم ہدایہ و فتاویٰ عالمگیری

ناشر : دینی کتب خانہ اُردو بازار۔ لاہور

کاغذ جلد نہایت اعلیٰ — صفحات ۱۳۰۲ — قیمت ۷۰ روپے

مولانا بحر العلوم القرآن سید امیر علی کی ذاتِ گرامی۔ سے ہر علمی ذوق کا حامل شناسا ہے۔ کیونکہ مولانا نے اس برِّعظیم میں وہ علمی کام سر انجام دیے ہیں جو کسی دوسرے شخص سے ممکن نہیں۔ ان کی یہ عظیم الشان تفسیر اب سے پچاسی، ساٹھ سال قبل مطبع نولکشور لکھنؤ نے شائع کی تھی۔ یہ اس کا پاکستانی ایڈیشن ہے۔ جو لاہور سے شائع ہونا شروع ہوا ہے۔

راقم الحروف نے مطبع نولکشور کا مطبوعہ نسخہ بھی دیکھا ہے اور دینی کتب خانہ کا نسخہ بھی۔ یہ نئی طبع پرانے مطبوعہ سے کئی اعتبار سے نہایت اعلیٰ اور عمدہ ہے۔ قرآن کی کتابت نہایت خوش خط جلی لفظوں میں کی گئی ہے جو قاری کے لیے بہت سہولت مہیا کرتی ہے تفسیر کیا ہے؟ ایک انسائیکلوپیڈیا ہے جس میں صرف معارف قرآن ہی نہیں احادیث و آثار صحابہ تشریح حدیث، تاریخ، فقہ، ائمہ اربعہ کے اختلافات اور اور ان پر مدلل بحث بھی کی گئی ہے۔ ان کے علاوہ جن صوفیائے کرام نے اپنے اپنے رنگ میں قرآن کریم کی تفسیر کی ہے وہ بھی بیان کردی ہے۔ نیچریت کے سلسلے میں سرسید احمد خاں کی تفسیر و عقائد کا عجیب مدلل انداز سے رد کیا ہے۔ دیگر گمراہ فرقے مثلاً رافضی، خارجی، معتزلہ اور حشویہ کا رد بھی موجود ہے۔ علماء شائقین اور خطبا کے لیے یہ ایک نادر تحفہ ہے

قاری محمد عادل خاں